۵۱ - انظ

سالانہ امتحان ۲۰۱۶ ①

# ماڈل سوالات اردو

تمام سوالات لازمی ہیں۔

ہدایت کے مطابق ہی جوابات لکھیں — کل وقت ۳ گھنٹہ ۱۵ منٹ

ہر سوال کا نمبر بائیں حاشیہ پر درج ہیں۔ — کل مارکس ۱۰۰

سوال نمبر ۱ - ڈاکٹر محمد محسن کے دو افسانوی مجموعہ کا نام لکھئے۔ ۲

سوال نمبر ۲ - نذیر احمد کے کسی دو ناول کا نام لکھئے ۲

سوال نمبر ۳ - کہانی انگریزیا بابو کے تخلیق کار کون ہیں اور یہ کس زبان میں ہے ۲

سوال نمبر ۴ - بھیم راؤ امبیڈکر کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی۔ ۲

سوال نمبر ۵ - (الف) کلمہ کی تعریف کیجئے اور اقسام لکھئے۔ ۲

(ب) لاحقہ، ستان، سے دو لفظ بنائیے۔ ۲

سوال ۶ - غزل کی تعریف لکھئے اور مقطع کس شعر کو کہتے ہیں لکھئے۔ ۳

سوال نمبر ۷ - کسی چار محاورے کو جملوں میں استعمال کیجئے۔ ۴

دانت کھٹے کرنا، رونگٹے کھڑے ہونا۔ دال گلنا۔ سرگوشی کرنا۔ لال پیلا ہونا۔

سوال نمبر ۸ - قوسین میں دیے گئے الفاظ سے خالی جگہوں کو بھریں۔ ۳

کون جانے کہ نئے ...... میں تو کس کو پڑھے تیرا ...... بدلتا ہے ...... کی طرح

(نصابوں، سال، معیار)

سوال نمبر ۹ - نصاب میں شامل کسی غزل کا ایک شعر لکھئے۔ ۲

سوال نمبر ۱۰ - مندرجہ ذیل اشعار کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔

جاتے ہوئے کہتے ہو قیامت کو ملیں گے — کیا خوب قیامت کا ہے گویا کوئی دن اور

ہاں اے فلک پیر جواں تھا ابھی عارف — کیا تیرا بگڑتا جو نہ مرتا کوئی دن اور

BiharboardQuestionpaper.com

(الف) یہ اشعار عارف کی موت سے ماخوذ ہے۔ اس کا تعلق کس صنف سے ہے؟ شاعر کا بھی نام لکھئے۔ ۲ (ب) دو لفظ کے معنی بھی لکھئے۔ فلک۔ بہر۔ قیامت۔ ۲

سوال نمبر ۱۱۔ درج ذیل الفاظ میں سے کسی چار کے معنی لکھئے۔ ۴

شیریں۔ تلخ۔ تنبیہ۔ رسوا۔ ناساز۔ رغبت۔ جرم۔

سوال نمبر ۱۲۔ درج ذیل الفاظ میں سے کسی چار کے متضاد لکھیں۔ ۴

حسین۔ گراں۔ قدیم۔ مانوس۔ سیاہ۔ اعلیٰ۔ تعظیم۔ آقا۔

سوال نمبر ۱۳۔ مندرجہ ذیل کردار میں سے کسی ایک پر پانچ جملے لکھئے۔ ۴

مدھو کانت۔ رام بلدر۔ وشال مینو۔ وینکٹ جوشیا۔

سوال نمبر ۱۴۔ افسانہ فرار کے مرکزی کردار کا نام لکھئے۔ وہ کونسی ملازمت کرتا تھا۔ ۲

سوال نمبر ۱۵۔ درج ذیل الفاظ میں سے کسی دو کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ جنس ظاہر ہو جائے۔ ۲

فلک۔ دہی۔ تجارت۔ اجازت۔ نفرت۔ موتی۔

سوال نمبر ۱۶۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی چار کی جمع بتایئے۔ ۴

مفہوم۔ اخبار۔ جرم۔ طلسم۔ طبیب۔ خصلت۔ ملک۔

سوال نمبر ۱۷۔ کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔ ۵

انڈیا گیٹ۔ مناظر فطرت۔ کھڑا ڈنر۔

BiharboardQuestionpaper.com

سوال نمبر ۱۸ - مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شعر کی تشریح کیجئے - ۲

اس خرابے میں بھی ہو جائے گی دنیا آباد   ایک معمورہ ہوس میں دل بلا چلتا ہے ۔

راکھ کے ڈھیر پہ اب رات بسر کرنی ہے   جل چکے ہیں مرے خیمے، مرے خوابوں کی طرح

سوال نمبر ۱۹ - مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک مضمون کا مرکزی خیال پانچ جملوں میں لکھئے - ۵

آریہ بھٹ اور ترنگنا - ادب کی پہچان ، ریا -

سوال نمبر ۲۰ - مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھئے - اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے -

اکیسویں صدی کا سب سے بڑا سورج گرہن ۲۲ جولائی ۲۰۰۹ کو پیش آیا اس سورج گرہن کی اہمیت اس لئے بڑھ گئی کہ ایسا سورج گرہن ایک صدی کے بعد ہی واقع ہوتا ہے

(الف) سب سے بڑا سورج گرہن کب ہوا؟ ۲

(ب) مکمل سورج گرہن کتنے سال بعد ہوتا ہے - ۲

سوال نمبر ۲۱ - خانہ (الف) کا خانہ (ب) سے مناسب جوڑ ملائیں - ۴

| الف | ب |
| --- | --- |
| مناظر فطرت | سید محمد جعفری |
| کھرا ڈسٹر | جگن ناتھ آزاد |
| بجلی کا کھمبا | چکبست |
| انڈیا گیٹ | ندا فاضلی |

BiharboardQuestionpaper.com

سوال نمبر ۲۲ - مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر پانچ جملے لکھئے

اسد اللہ خاں غالب ۔ ڈپٹی نذیر احمد ۔ لطف الرحمٰن ۔ ۵

سوال نمبر ۲۳ - مضمون ہندوستانی ادب کا تصور کے حوالے سے اردو

کے کسی چار افسانہ نگاروں کے نام لکھئے ۔ ۴

سوال نمبر ۲۴ - درج ذیل الفاظ میں سے کسی چار کے مترادف الفاظ لکھئے ۔

صحرا ۔ جرم ۔ ملک ۔ دنگا ۔ تحقیق ۔ الم ۔ دلیل ۔ رائیگاں ۔ ۴

سوال نمبر ۲۵ - درج ذیل مضامین میں سے کسی ایک پر ۲۰۰ الفاظ

کا ایک مضمون لکھئے ۔ 10

بڑھتی آبادی کا مسئلہ ۔ سیلاب ۔ کمپیوٹر ۔ کرکٹ ۔

سوال نمبر ۲۶ - اپنے دوست کے نام خط لکھ کر اپنے میٹرک امتحان

کی تیاری کے متعلق مشورے دیجئے ۔ ۸

BiharboardQuestionpaper.com

BiharboardQuestionpaper.com

Set-2 ۲

سالانہ امتحان ۲۰۱۶

ماڈل سوالات اردو

تمام سوالات لازمی ہیں

ہدایت کے مطابق ہی جوابات لکھیں — کل وقت ۳ گھنٹہ ۱۵ منٹ

ہر سوال کا نمبر بائیں حاشیہ پر درج ہیں — کل مارکس ۱۰۰

سوال نمبر ۱ - مندرجہ ذیل اشعار کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

کوڑے سے ہیں میز گزارے جو ایک پلیٹ لائے — رہی نہ کوئی اپنے لئے پلیٹ لائے

ادھر ادھر کے جو کھانے تھے سب سمیٹ لائے — کوئی کھانا پیچھے سو میں رہ گیا پلیٹ لائے

یہ میز ہو گئی خالی اب اور کیا ہوگا

پلاؤ کھائیں گے احباب فاتحہ ہوگا

الف - یہ اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کے شاعر کا نام لکھئے ۲

ب - "پلاؤ کھائیں گے احباب فاتحہ ہوگا" یہ مصرعہ ضرب المثل ہے اس کا مطلب لکھئے۔ ۲

سوال نمبر ۲ - سہیل عظیم آبادی کے پہلے افسانوی مجموعہ کا نام کیا ہے اور وہ کس سال شائع ہوا تھا۔ ۲

سوال نمبر ۳ - آریہ بھٹ کی پیدائش کہاں ہوئی؟ اس نے اپنا تجربہ گاہ کہاں قائم کیا؟ ۲

سوال نمبر ۴ - کہانی سورج کے گھوڑا کے دو کردار کا نام لکھئے ۲

سوال نمبر ۵ - مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شعر کی تشریح کیجئے ۴

فضائے کوہ میں ایسی ہوا سمائی ہے — بشر کی روح کو راحت کی نیند آئی ہے

فسانہ غم کا کوئی غمگسار ہو تو کہیں — کہانی دل کی کوئی دل فگار ہو تو کہیں

BiharboardQuestionpaper.com

سوال نمبر ۶ - ڈاکٹر عبدالمغنی کی دو کتابوں کا نام لکھئے ۔ ۲

سوال نمبر ۷ - مرکب کی تعریف لکھئے اور اس کے اجزائے ترکیبی لکھئے ۔ ۲

سوال نمبر ۸ - درج ذیل الفاظ میں سے کسی چار کے معنی لکھئے ۔ ۴

حسد ۔ طمع ۔ تقوی ۔ اقبال ۔ معبود ۔ معصوم ۔ عزیز ۔ متکبر

سوال نمبر ۹ - ہندوستان کی چار علاقائی زبانوں کے نام لکھئے ۔ ۴

سوال نمبر ۱۰ - مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ معنی ظاہر ہو جائے ۔ ۴

آسرا ۔ اثر ۔ محبت ۔ وطن ۔ دلیل ۔ پانی

سوال نمبر ۱۱ - مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر پانچ جملے لکھئے ۔ ۵

ڈاکٹر قمر جہاں ۔ سید محمد محسن ۔ نگار عظیم ۔

سوال نمبر ۱۲ - مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر پانچ جملے لکھئے ۔ ۵

خطوط غالب ۔ مثنوی ۔ ڈراما ۔

سوال نمبر ۱۳ - مندرجہ ذیل محاوروں میں سے کسی پانچ کو جملوں میں استعمال کریں ۔ ۵

کباب میں ہڈی ہونا ۔ سبز باغ دکھانا ۔ ناک کا بال ہونا ۔ کھچڑی پکانا ۔ میدان مارنا ۔ آنکھ چرانا ۔ آستین کا سانپ ہونا ۔

سوال نمبر ۱۴ - ذیل کے نظم میں سے کسی ایک کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھئے ۔

مناظر قدرت ۔ بجلی کا کھمبا ۔ ہم نوجوان ہیں ۔

BiharboardQuestionpaper.com

سوال نمبر ۱۵ - مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔

محرّم - پابندی وقت - ۱۵ اگست - 15

سوال نمبر ۱۶ - مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کی جنس بتائیں۔

اخلاق ، احترام - برف ، قسمت - حکمت - آفت - قطرہ - ۵

سوال نمبر ۱۷ - مندرجہ ذیل محاوروں میں سے کسی چار کے معنی لکھئے۔

بال بال بچنا - سرنگوں ہونا - غم کافور ہونا - ہوائیں چڑھانا - ۴

رحمت کا فرشتہ ہونا - آنکھ چرانا - پگڑی اچھالنا -

سوال نمبر ۱۸ - ضمیر اور اس کی قسمیں بتائیں - ۴

سوال نمبر ۱۹ - کلمہ اور اس کی قسمیں بتائیں - ۴

سوال نمبر ۲۰ - مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ کا واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنائیے -

عمل - احسانات - فجار - کفار - قدیم - قوم - رقم - مراتب

سوال نمبر ۲۱ - آغا حشر کاشمیری کی ڈراما نگاری سے اپنی واقفیت کا اظہار پانچ جملوں میں کیجئے - ۵

سوال نمبر ۲۲ - نظم بارش کی ایک صبح کا خلاصہ لکھئے - ۵

سوال نمبر ۲۳ - شخصی مرثیہ سے آپ کیا سمجھتے ہیں - چار جملے لکھئے - ۳

سوال نمبر ۲۴ - پروین شاکر کی ازدواجی زندگی پر پانچ جملے لکھئے - ۴

سوال نمبر ۲۵ - صدر مدرس کے نام درخواست لکھ کر اپنی مجبوری بتاتے ہوئے فیس معاف کرنے کی ~~درخواست~~ مہربانی کیجئے - ۵

سوال نمبر ۲۶ - اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھ کر وقت کی اہمیت پر روشنی ڈالئے - ۵

BiharboardQuestionpaper.com

BiharboardQuestionpaper.com

Set - 3



# سالانہ امتحان ۲۰۱۶

## ماڈل سوالات اردو

کل وقت تین گھنٹہ ۱۵ منٹ
کل مارکس ۱۰۰

تمام سوالات لازمی ہیں
ہدایت کے مطابق ہی جوابات لکھیں
ہر سوال کا نمبر حاشیہ پر درج ہے

سوال نمبر ۱ - نذیر احمد کب اور کہاں پیدا ہوئے - ۲

سوال نمبر ۲ - گلوبل وارمنگ سے بچنے کے لئے طلبا کو ڈاکٹر عبدالکلام نے کون سا جادوئی منتر بتایا ہے - ۲

سوال نمبر ۳ - گرین ہاؤس گیسوں میں کون کون سی گیس ہیں - ۲

سوال نمبر ۴ - سیکنڈ ہینڈ کہانی کے کسی دو کردار کا نام لکھئے - ۲

سوال نمبر ۵ - درج ذیل میں سے کسی دو لفظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ جنس ظاہر ہو جائے - ۲

موتی - کتاب - نام - قلم - علم - وقت

سوال نمبر ۶ - مندرجہ ذیل اشعار کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کا جواب لکھئے -

انڈیا گیٹ وہ تاریخ کا ایک باب جلیل - انڈیا گیٹ وہ افرنگ کی تعمیر جلیل
انڈیا گیٹ وہ اغیار کی نصرت کا نشاں - انڈیا گیٹ وہ اپنوں کی غلامی کی دلیل

الف - مندرجہ بالا اشعار کس نظم سے ماخوذ ہے اور اس کے شاعر کون ہیں ۲

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی دو کے معنی لکھئے - ۲

جلیل - تعمیر - جمیل - نصرت - اغیار -

BiharboardQuestionpaper.com

سوال نمبر ۷ - اپنے نصاب میں شامل کسی غزل کا ایک شعر لکھئے - ۲

سوال نمبر ۸ - درج ذیل میں سے کسی ایک شعر کی تشریح کیجئے - ۴

ساعتیں گزریں جو غفلت میں سمجھ کے کھوگئیں ۔ پھر کے آنے کی نہیں نادان گھڑیاں جو گئیں

دولت درد کو دنیا سے چھپا کر رکھنا - آنکھ میں بوند نہ ہو دل میں سمندر رکھنا

سوال نمبر ۹ - قوسین میں دیئے گئے الفاظ کو خالی جگہوں میں پر کریں - ۳

کل گئے گزرے ...... کا خیال آئے گا آج ...... بھی پرانوں کو ...... رکھنا

(انتہا - منوّر - زمانے)

سوال نمبر ۱۰ - مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی چار کے معنی لکھئے - ۴

پرواز - فریب - روبرو - ملزم - شباب - بےبس - شناشاں

سوال نمبر ۱۱ - درج ذیل میں سے کسی چار محاوروں کے معنی لکھ کر جملے بنائیے - ۴

زیر و زبر ہونا - آنکھ دکھانا - چمپت ہونا - لوہے کے چنے چبانا -

جھانسے میں آنا - چھاتی پر سانپ لوٹنا - گدڑی کا لعل ہونا

سوال نمبر ۱۲ - مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے گئے

سوالوں کے جواب لکھئے -

غریب اور بے سہارا لوگوں کی مدد کرنا ان کا محبوب مشغلہ تھا - غریب بچیوں کی تعلیم اور ان کی شادی وغیرہ کے موقع پر بھی وہ مدد کرنے سے باز نہیں آتی تھیں - دوسری طرف ان کے شوہر کو سیاسی سرگرمیوں میں پیش پیش رہنے کی وجہ سے زیادہ تر جیل ہی میں رہنا پڑتا تھا - اگر

BiharboardQuestionpaper.com

BiharboardQuestionpaper.com

کبھی کچھ دنوں کے لئے رہائی بھی ہوتی تھی تو پھر کسی دوسرے مقدمے میں

جلد ہی سزا ہو جاتی تھی۔

الف۔ غریب اور بے سہارا بچوں کی مدد کرنا کن کا محبوب مشغلہ تھا۔ ۲

ب۔ رفید بھائی کے شوہر کو زیادہ تر جیل میں ہی کیوں رہنا پڑتا تھا۔ ۲

(ج) کسی دو لفظ کے معنی لکھئے۔

محبوب۔ باز نہیں آنا۔ مشغلہ۔ پیش پیش۔ ۲

سوال نمبر ۱۳۔ خانہ الف خانہ ب کے ساتھ مناسب جوڑ ملایئے۔

| خانہ الف | خانہ ب |
| --- | --- |
| بھائی جان | ڈاکٹر عبدالمغنی |
| کئی ہوئی شاخ | سر سید احمد خاں |
| ریا | سہیل عظیم آبادی |
| ادب کی پہچان | ڈاکٹر قمر جہاں |

۴

سوال نمبر ۱۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر پانچ جملے لکھئے۔ ۵

ڈاکٹر قمر جہاں۔ نگار عظیم۔ سید محمد محسن

سوال نمبر ۱۵۔ مندرجہ ذیل کہانیوں کو اسکی زبان سے ملایئے۔

۴

| کہانی | زبان |
| --- | --- |
| سکنڈ ہینڈ | بنگلہ |
| سورج کا گھوڑا | تمل / سامی |
| ارجن | ملیالم |
| خالی صندوق | کنڑ |

BiharboardQuestionpaper.com

BiharboardQuestionpaper.com

سوال نمبر ۱۶ - کسی ایک نظم کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھئے۔ ۵

ہم نوجوان ہیں - بجلی کا کھمبا - مناظر قدرت -

سوال نمبر ۱۷ - ہندوستانی ادب کے حوالے سے اردو کی پیدائش کے سلسلے میں چند جملے لکھئے - ۴

سوال نمبر ۱۸ - مندرجہ ذیل میں سے کسی چار الفاظ کے جمع لکھئے۔ ۴

مسجد - منزل - مدرسہ - عالم - فقیر - امیر - وزیر - حاکم - فعل

سوال نمبر ۱۹ - اسم نکرہ یا اسم عام کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھئے۔ ۲

سوال ۲۰ - مثنوی کی تعریف لکھئے اور کسی دو مثنوی نگار کا نام لکھئے ۲

سوال ۲۱ - سورج گرہن اور چاند گرہن کی تعریف لکھئے - ۲

سوال ۲۲ - مندرجہ ذیل الفاظ میں کسی چار کے مترادف (ہم معنی) الفاظ لکھئے - ۴

انعام - تعریف - قدر - شرث - ذلت - ظلم - نفرت

سوال ۲۳ - قوسین میں دیئے گئے مناسب الفاظ سے خالی جگہوں کو پر کیجئے ۴

۱۹۳۶ء میں ...... تحریک کا آغاز ہوا ...... اس سے چند سال قبل ...... کے نام سے ایک مجموعہ شائع ہو چکا تھا۔ جس نے موضوع اور فن دونوں اعتبار سے اردو کے ...... افسانے کی ...... میں نئے تجربوں کی بنیاد ڈالی

(تاریخ، مختصر، ترقی پسند تحریک، انگارے)

سوال نمبر ۲۴ - درج ذیل افسانوں میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال لکھئے ۵

کٹی ہوئی شاخ، فرار، آشیانہ -

BiharboardQuestionpaper.com

BiharboardQuestionpaper.com

سوال نمبر ۲۵ - اپنے والد صاحب کے نام خط لکھ کر امتحان خرچ کے لئے کچھ روپئے طلب کیجئے؟ ۸

سوال-۲۶ - مندرجہ ذیل عنوان میں سے کسی ایک پر ۲۰۰ الفاظ میں مضمون لکھئے؟ ۱۰

یوم جمہوریہ - آپ کا پسندیدہ شاعر - عام انتخاب -

Biharboard

बिहार बोर्ड के नए और पुराने ऑफिसियल क्वेश्चन पेपर, मॉडल पेपर, आंसर-की, पाठ्यक्रम, नोट्स, मॉक टेस्ट, सेंट-अप और प्रैक्टिकल परीक्षा प्रश्न पत्र आदि के लिए...

BiharboardQuestionpaper.com

अभी विजिट करें ..

BiharboardQuestionpaper.com

Time - 3.15 2016 URDU MT 100 (1) Set-IV

اردو کے نئے نصاب میں درج ذیل کتابیں داخل نصاب ہیں

۱- (الف) درخشاں (حصہ دوم)

(ب) روشنی (حصہ دوم)

امتحان کا پرچہ درج ذیل خاکوں کے تحت ہوگا

| | | |
|---|---|---|
| حصہ نثر | 25 نمبر | درخشاں (حصہ دوم) |
| حصہ نظم | 25 نمبر | |
| معاون درسی کتاب سے | 20 نمبر | روشنی (حصہ دوم) |
| قواعد | 20 نمبر | |
| مضمون نویسی/خطوط نویسی | 10 | |
| کل = | 100 نمبر | |

ہدایات: (۱) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(۲) کچھ سوالات کے ممکنہ جوابات بھی دیئے گئے ہیں جو حروف تہجی (الف، ب، ج، د) کے تحت درج ہیں ان میں سے صرف ایک جواب چن کر سوال نمبر کے ساتھ لکھیں

(۳) باقی تمام سوالوں کے جوابات ان میں دی گئی ہدایات کے مطابق ہی دیں۔

(۴) ہر سوال کا شماری نمبر سلسلہ وار ہے اور اس کے نمبرات بائیں طرف حاشیہ پر درج ہیں۔

(۵) جہاں 'یا' کے بعد کوئی سوال پوچھا گیا ہے اس کا مطلب ان دونوں میں سے ایک ہی جواب مطلوب ہے۔

4x1=4

۱- مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی چار کا جواب مطلوب ہیں

(۱) سہیل عظیم آبادی کی ابتدائی تعلیم کس مدرسہ میں ہوئی تھی

(۲) عمر حیات کے والد کا نام بتائیں۔

(۳) سرسید کی والدہ کا کیا نام تھا

(۴) ڈاکٹر ممنون کی پیدائش کہاں ہوئی تھی

(۵) سرسید کی پیدائش کب ہوئی

(۶) بھیم راؤ امبیدکر کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی تھی

2 - ذیل کی نظم میں سے کسی ایک کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھیں 1x3=3

(۱) بارش کی ایک صبح (۲) انسان (۳) دیئے۔

3 - مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کے معنی لکھیں 5x1=5

حمد، خالق، ملازمت، کلیسا، نجات، ملترم، جبر، فریب

4 - مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ کے واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنائیں 5x1=5

مکانات، جنس، حادثہ، عقیدہ، خبر، اقوام، تحفہ، فلک

BiharboardQuestionpaper.com

5 - قوسین میں دیئے گئے مناسب الفاظ سے خالی جگہوں کو پر کریں۔ 4x1=4

پوری دنیا میں پچھلے ..... سے اس کا بہت ذکر اور ..... ہو رہا ہے آج گلوبل ..... ایک ..... عالمی مسئلہ اور چیلنج بن گیا ہے

(چرچا، سنگین، وارمنگ، دس برسوں)

6 - مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 200 لفظوں کا مضمون لکھیں 1x15=15

(i) عید الفطر (ii) کرکٹ کا کھیل (iii) اپنی اسکول کی لائبریری

7 - مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کا جواب لکھئے 2x2x4

(i) ڈاکٹر عبد المغنی کی دو کتابوں کے نام لکھئے

(ii) بھیم راو امبیدکر کی شادی کس عمر میں اور کس سے ہوئی

(iii) اردو کے کسی پانچ افسانہ نگاروں کے نام لکھیں

8 - مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کی ضد (الٹا) لکھیں

ذلت۔ عام۔ جائز۔ ثواب۔ سود۔ آخر۔ کامل۔ اول

9 - اسم معرفہ کی تعریف کیجئے اور اس کے قسموں کو لکھئے 5x1=5

10 ذیل کے خانہ الف سے خانہ ب کا مناسب جوڑ ملائیں 5x1=5

| "الف" | "ب" |
| --- | --- |
| (i) بجلی کا کھمبا۔ | جلیبی |
| (ii) کوڑا ڈھیر | ندا فاضلی |
| (iii) مناظر فطرت | سید محمد جعفری |
| (iv) کھالی جان | نگار عظیم [illegible] |
| (v) آشیانہ | سہیل عظیم آبادی |

11 - درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیں 1x10=10

(i) اپنے والد کے خط لکھیں جس میں اپنے امتحان کی تیاری سے متعلق وضاحت ہو۔

(ii) اپنے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیں جس میں اپنے بڑے بھائی کی شادی میں شرکت کیلئے ایک ہفتہ کی رخصت کی گزارش ہو

12 - مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی دو کا جواب مطلوب ہے 2x3=6

(i) سرسید کی زندگی کے بارے میں بتائیں،

(ii) زلزلہ کے نقصانات پر روشنی ڈالئے۔

(iii) بہار کے پانچ شعرا کے نام لکھیں

BiharboardQuestionpaper.com

(3)

2 × 3 = 6

13- سوالات درج ذیل میں سے کسی تین کے جواب مطلوب ہیں

(i) پرویز شاہدی کی شاعری پر پانچ جملے لکھیں

(ii) نوا فاضلی کی شاعری کے بارے میں مختصراً بتائیں

(iii) بہار کے پانچ افسانہ نگاروں کے نام لکھیں۔

(iv) زمین کا درجہ حرارت پچھلے سو برسوں میں کتنا بڑھ گیا ہے

14- درج ذیل سوالوں میں سے کسی پانچ کے صحیح جواب چن کر لکھیں

5 × 1 = 5

(i) حسن نعیم کی پیدائش کہاں ہوئی۔

(الف) بنارس

(ب) دہلی

(ج) پٹنہ

(د) آگرہ

(ii) احمد فراز کی پیدائش کہاں ہوئی

(الف) دہلی

(ب) پشاور

(ج) لکھنؤ

(د) علی گڑھ

(iii) پرویز شاہدی کی اہلیہ کا نام کیا تھا

(الف) مہر النساء

(ب) فضیلت النساء بیگم

(ج) بلقیس جہاں

(د) جہاں بیگم

(iv) سرسید کی وفات کب ہوئی

(الف) 1898

(ب) 1890

(ج) 1895

(د) 1892

(v) جگنست کا انتقال کس بیماری سے ہوا

(الف) فالج

(ب) ہارٹ اٹیک

(ج) یرقان

(د) بخار

BiharboardQuestionpaper.com

BiharboardQuestionpaper.com

۱۷ مرزا شوق کا خاندانی پیشہ کیا تھا

(الف) وکالت
(ب) طبابت
(ج) سپہ گیری
(د) ان میں سے کوئی نہیں

(iii) نسیم کی مثنوی کا نام کیا ہے

(الف) سحرالبیان
(ب) گلزار نسیم
(ج) زہر عشق
(د) بوستان خیال

1×3 = 3

۱۵ - مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی ایک جواب لکھئے

(i) سورج کا گھوڑا کے مرکزی کردار پر پانچ جملے لکھئے
(ii) سورج ~~کا گھوڑا کے مرکزی~~ پانچ جملوں میں افسانے کی تعریف لکھئے
(iii) ہندی اور اردو کے لسانی رشتوں پر پانچ جملے لکھئے

5×1 = 5

۱۶ - مندرجہ ذیل دیئے گئے محاوروں میں سے کسی پانچ کو جملوں میں استعمال کریں

(i) آگ کا مول ہونا (ii) لوہے کے چنے چبانا (iii) آنکھ کا تارا ہونا (iv) رات سب ہونا
(v) اپنے سے باہر ہونا (vi) طوطی بولنا (vii) ناک میں دم کرنا (viii) خون سفید ہونا

5×1 = 5

۱۷ - کسی ایک سوال کا جواب دیں

(i) فعل اور اس کی قسمیں بتائیں
(ii) فعل ماضی اور اس کی قسمیں بتائیں

۱۸ - مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی تشریح کریں

(i) جاتے ہوئے کہتے ہو قیامت کو ملیں گے
کیا خوب قیامت کا ہے گویا کوئی دن اور

(ii) فضائے کوہ میں ایسی ہوا سمائی ہے
بشر کی روح کو راحت کی نیند آتی ہے

(iii) رات دن اشک جاری رہتے تھے
اس کی چشموں سے چشمے ابلتے تھے

BiharboardQuestionpaper.com

BiharboardQuestionpaper.com

MODEL SET (V) (URDU) اردو

ماڈل سیٹ - ۱

کل نمبر ۱۰۰

وقت - سہ گھنٹہ ۱۵ منٹ

ہدایات برائے امتحان دہندگان۔

۱- امتحان دہندگان جواب حتی الامکان اپنے الفاظ میں دیں

۲- ہر سوال کے نمبر بائیں طرف حاشیہ پر درج ہیں -

۳- تمام سوالات کرنے لازمی ہیں -

۴- جواب لکھتے وقت تعداد الفاظ کا خاص خیال رکھیں

۵- سوال نامہ پڑھنے کیلئے ۱۵ منٹ کا اضافی وقت دیا گیا ہے

سوال نمبر ۱ مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی چار کا جواب مطلوب ہیں — 4×1=4

(i) ڈاکٹر عبدالمغنی کب اور کہاں پیدا ہوئے -

(ii) کلیم عاجز کی شادی کس عمر میں اور کس سے ہوئی

(iii) ڈاکٹر عبدالمغنی نے اپنی ملازمت کا آغاز کس کالج سے کیا

(iv) ڈاکٹر لطف الرحمن کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی

(v) آغا حشر کے کسی ایک ڈرامہ کا نام لکھئے

(vi) نذیر احمد نے کس کی تعلیم و تربیت کیلئے ناول لکھے

سوال نمبر ۲ - ذیل کی نظموں میں سے کسی ایک کا خلاصہ مختصراً لکھئے — 5×1=5

(i) دو مساوات (ii) دعئے (iii) انسان

سوال نمبر ۳ - مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کے معنی لکھیں — 5×1=5

فربہ، تند، رو بہ رو، انگارہ، استقامت، عزم، شباب

سوال نمبر ۴ - جو سبق میں دیئے گئے خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کریں۔ — 4×1=4

پچھلے تیس چالیس ........ سے ہماری ........ کا درجہ حرارت روز بروز ........ سے رہی ........ حرارت میں بتدریج و مسلسل اضافہ ہوا ہے

(زمین، بڑھ رہا ہے، برسوں، حرارت)

سوال نمبر ۵ - مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کے واحد اور جمع بنائیں — 5×1=5

مکتب، قوم، احادیث، لفافہ، افلاک، خبر، عالم، کتاب، منصوبہ

سوال نمبر ۶ - مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کے جواب مطلوب ہیں۔ — 2×2=4

(i) لطف الرحمن کی کسی دو کتابوں کے نام لکھئے

(ii) احمد فراز بنیادی طور پر کس مزاج کے شاعر ہیں۔

(iii) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں

سوال نمبر ۷ - مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ الفاظ کا ضد (الٹا) لکھیں — 5

ایمان، عروج، لقا، اعلیٰ، اول، امانت، آمد، عالم

سوال نمبر ۸ - مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کا مترادف الفاظ لکھیں — 5×1=5

سمجھ، [illegible]

BiharboardQuestionpaper.com

5 سوال نمبر ۹ - خانہ الف کا خانہ ب کے ساتھ مناسب جوڑ ملائیے

| خانہ الف | خانہ ب |
| --- | --- |
| (i) [illegible] | ندا فاضلی |
| (ii) مناظر فطرت | سید محمد جعفری |
| (iii) بھابی جان | نگار عظیم |
| (iv) بجلی کا کھمبا | چکبست |
| (v) آشیانہ | سہیل عظیم آبادی۔ |

5 سوال نمبر ۱۰ - مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب مطلوب ہے

(i) سرسید کی زندگی کے بارے میں مختصراً تحریر کریں

(ii) سمندری برف پگھلنے سے دنیا کو کیا نقصان ہوگا

(iii) ندا فاضلی اردو کے جدید شاعر ہیں یا قدیم

5 سوال نمبر ۱۱ اس صنف کی تعریف کیجئے اور مثال دے کر سمجھائیں۔

سوال نمبر ۱۲ - رقیہ بھابی کے ایثار اور ہمدردی پر دس جملے لکھئے

5 سوال نمبر ۱۳ - درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے (i) ہم نوجوان ہیں (ii) بجلی کا کھمبا - (iii) مناظر فطرت

5 سوال نمبر ۱۴ مرثیہ کی تعریف کیجئے

4 سوال نمبر ۱۵ - مندرجہ ذیل محاورات کو جملوں میں استعمال کریں

آنکھ کا تارا ہونا ، آنکھوں پر بٹھانا ، [illegible]

5 سوال نمبر ۱۶ - درج ذیل اشعار میں سے کسی ایک کی تشریح کیجئے

(i) رنگ آسمان میں پہچان لئے جاتے ہیں

دیکھنے سے کہیں خوشبو کا پتہ چلتا ہے

(ii) اس خرابے میں بھی ہو جائے گی دنیا آباد

ایک معمورہ لیں سبیل بلا چلتا ہے

10 سوال نمبر ۱۷ - مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 200 لفظوں میں مضمون لکھئے

عید الفطر ، لائبریری ، پسندیدہ کھیل ۔ موسم سرما ۔

10 سوال نمبر ۱۸ - درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دیں

(i) اپنے بڑے بھائی کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنے امتحان کی تیاری سے متعلق ہو

(ii) اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیں جس میں اسکالرشپ کی مانگ ہو

=

बिहार बोर्ड के नए और पुराने ऑफिसियल क्वेश्चन पेपर, मॉडल पेपर, आंसर-की, पाठ्यक्रम, नोट्स, मॉक टेस्ट, सेंट-अप और प्रैक्टिकल परीक्षा प्रश्न पत्र आदि के लिए...
BiharboardQuestionpaper.com
अभी विजिट करें ..
BiharboardQuestionpaper.com